انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ راولپنڈی

ٹینڈر بابت گاڑیاں کرایہ پر درکار ہیں

انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ راولپنڈی کو سال 2023ء کے دوران منعقد ہونے والے امتحانات (میٹرک/انٹرمیڈیٹ،فرسٹ اینول/سیکنڈ اینول) کے مختلف نوعیت کے امور کی انجام دہی کے لئے سوزوکی کیری وین بمعہ ڈرائیورز کرایہ پر حاصل کرنے کیلئے رجسٹرڈ فرموں سے سر بمہر ٹینڈر بنام سیکرٹری تعلیمی بورڈ راولپنڈی مورخہ 18-02-2023 کو دن 11:00 بجے تک بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک/کوریئر مطلوب ہیں جو کہ اسی روز بوقت 12:00 بجے دن بورڈ ہذا کے دفتر واقع مورگاہ راولپنڈ میں ٹینڈر دہندگان یا ان کے مجاز دہندگان کی موجودگی میں زیر دستخطی کے دفتر میں کھولے جائیں گے۔لفافہ پر جلی حروف میں ٹینڈر برائے (گاڑیاں کرایہ پر درکار ہیں) واضح طور پر درج ہو۔دستی طور پر کوئی ٹینڈر قبول نہ ہوگا۔

"شرائط"

1۔ ہر بڈر کو ٹینڈر کے لئے -/400000 (چار لاکھ) روپے کا TDR بنام سیکرٹری انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ راولپنڈی،ٹینڈر کے ساتھ منسلک کرنا ہوگا۔CDR کے بغیر ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔

2۔ کرایہ کے نرخ بمعہ تمام لاگو ٹیکسز دینا ہوں گے۔ تمام لاگو ٹیکسز کے علاوہ PST کی کٹوتی حسب قاعدہ کی جائے گی۔ٹینڈر کے ساتھ انکم ٹیکس رجسٹریشن اور پروفیشنل ٹریڈ ٹیکس سرٹیفکیٹ کی کاپیاں منسلک کرنا ہوں گی۔

3۔ ٹینڈر منظور ہونے کی صورت میں ورک آرڈر کی کل مالیت کا 0.25% کی شرح سے اشٹام پیپر پر معاہدہ کرنا ہوگا۔

4۔ شرائط ٹینڈر ملاحظہ کئے بغیر ٹینڈر میں حصہ نہ لیں۔ٹینڈر میں حصہ لینے سے یہ تصور کیا جائے گا کہ آپ نے دفتری شرائط دیکھ یا پڑھ کر تسلیم کر لی ہیں۔

5۔ ٹینڈر بورڈ کی ویب سائیٹ www.biserawalpindi.edu.pk اور PPRA کی ویب سائیٹ www.ppra.punjab.govt.pk پر ملاحظہ/ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

6۔ کسی بھی تنازع کی صورت میں جناب چیرمین انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ راولپنڈی کا فیصلہ حتمی ہوگا اور فریقین اس کے پابند ہوں گے اور اسے کسی بھی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جا سکے گا۔

7۔ ٹیکنیکل اور فنانشل تجاویز علیحدہ علیحدہ لفافے میں ارسال کریں۔ جن فرموں کی ٹیکنیکل اہلیت کی تجاویز منظور کی جائیں گی انہی فرموں کی فنانشل تجاویز کھولی جائیں گی۔

8۔ مشروط یا نامکمل ٹینڈر کو زیر غور نہیں لایا جائے گا نیز دستی طور پر کوئی ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔

9۔ مجاز اتھارٹی PPRA رولز کے تحت تمام ٹینڈر کو منظوری سے قبل مسترد کر سکتی ہے۔

10۔ گاڑیوں کا ماڈل 2018ء سے قبل کا قابل قبول نہ ہوگا۔

11۔ بڈنگ کاغذات/شرائط ٹینڈر ہذا کی اشاعت کے فوراً بعد میسر ہوں گے۔گاڑیوں کی تفصیل اور دیگر معلومات دفتری اوقات کار میں مبلغ -/3000 روپے (ناقابل واپسی) بورڈ ہذا کے اکاؤنٹ نمبر (01540035529603) میں بذریعہ آن لائن چالان حبیب بنک کی کسی بھی شاخ میں جمع کروا کر مہتمم،ٹرانسپورٹ برانچ انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ مورگاہ،راولپنڈی کے دفتر سے ملاحظہ/حاصل کی جا سکتی ہیں۔

12۔ دفتر ایمرجنسی کی صورت میں گاڑی کسی بھی وقت منگوا سکتا ہے۔

سیکرٹری

Scanned with CamScanner

انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ، راولپنڈی

شرائط وضوابط

1. ٹینڈر مقررہ تاریخ تک بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک/کوریئر بنام جناب سیکرٹری، بورڈ ھذا دفتر واقع مورگاہ، راولپنڈی ارسال کرنا ہوگا۔لفافے پر دائیں جانب جلی حروف میں گاڑیاں کرایہ پر درکار ہیں درج ہو۔
2. دفتر ہذا کو میٹرک وانٹرمیڈیٹ اینول کیلئے 36 تا42 گاڑیاں اور سیکنڈ اینول کیلئے 08 تا14 گاڑیاں درکار ہونگی تاہم مجاز اتھارٹی کی اجازت سے ان میں کمی بیشی کی جاسکتی ہے۔
3. ہر بڈز کو کل تخمینہ لاگت مبلغ-/80,00000 روپے (اسی لاکھ روپے) جبکہ 5% مبلغ-/400000 روپے (چار لاکھ روپے) بطور کال ڈیپازٹ ٹینڈر کے ہمراہ منسلک کرنا ہوگا۔CDR کے بغیر کوئی ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔
4. ٹینڈر گاڑیاں کے کرایہ کی شرح فی گاڑی فی یوم کار کے حساب سے دیا جائے۔
5. پیٹرول کی مد میں 12 کلومیٹر فی لیٹر چارجز شامل کیے جائیں۔
6. گاڑیوں کو ٹھیک صبح 7:30 بجے ہر صورت دفتر حاضر ہونا ہوگا اور ڈیوٹی کی تکمیل تک دفتر کے احکامات کی پابندی کرنا ہوگی۔
7. گاڑیوں کے کاغذات ہر لحاظ سے مکمل ہونے چاہیے۔
8. ڈرائیور کیلئے لائسنس ہولڈر ہونا لازمی ہے۔
9. گاڑیاں دفتر کی ضرورت/ ڈیٹ شیٹ کے مطابق فراہم کرنا ہونگی۔
10. کسی بھی ہنگامی صورت حال کے پیش نظر دفتر کی طلب کے مطابق گاڑیاں فراہم کرنا ہونگی۔
11. گاڑیاں نئی اور بہترین کنڈیشن میں ہونا لازمی ہیں (ماڈل 2018 سے کم نہ ہو)۔
12. دورانِ سفر گاڑی خراب یا حادثہ کی صورت میں دفتری سامان مطلوبہ مقام تک پہنچانا فرم کی ذمہ داری ہوگی۔
13. دورانِ سفر چالان ہونے کی ذمہ داری فرم پر عائد ہوگی۔
14. فرم سے کسی قسم کی غفلت/کوتاہی ہونے کی صورت میں بورڈ ہذا کی مجاز اتھارٹی کا فیصلہ حتمی ہوگا۔
15. حادثہ کی صورت میں نقصان کا ذمہ دار دفتر نہ ہوگا۔
16. ادائیگی کسی بھی ٹیکس کے زمرے میں آنے کی صورت میں ٹیکس کی ادائیگی بذمہ فرم ہوگی۔
17. کرایہ کی ادائیگی گاڑی پر ڈیوٹی کرنے والے آفیسر/آفیشلز کی تصدیق پر کی جائے گی۔
18. کسی بھی تنازعہ/ اختلاف کی صورت میں جناب چیئرمین، بورڈ ہذا کا فیصلہ حتمی ہوگا اور اس فیصلے کو فریق دوئم کسی بھی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جاسکے گا اور فریقین اس کے پابند ہونگے۔
19. دورانِ ڈیوٹی ڈرائیور کے علاوہ کسی بھی غیر متعلقہ شخص کو گاڑی میں بیٹھنے کی اجازت نہ ہوگی۔
20. کامیاب ہونے والی فرم کو 10% فیصد پرفارمنس سیکورٹی (گارنٹی) قابل واپسی جمع کروانا ہوگی۔
21. بل کی رقم سے مروجہ ٹیکسز کی رقم منہا کی جائے گی۔
22. مشروط/ نامکمل ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔ٹینڈر جمع کرانے سے یہ مطلب لیا جائے گا کہ آپ نے شرائط دیکھ پڑھ کر تسلیم کرلی ہیں۔

(مہتمم ٹرانسپورٹ)

برائے سیکرٹری

Scanned with CamScanner